رہبر معظم کا آیت اللہ شہیددستغیب کے فرزند کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 30 /Jan/ 2012

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نےمرحوم آیت اللہ شہید دستغیب کے فرزند حجۃ الاسلام آقای سید محمد ہاشم دستغیب کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم و مکرم خاندان دستغیب دامت توفیقاتھم

مرحوم آیت اللہ شہید دستغیب کے فرزند حجۃ الاسلام آقای سید محمد ہاشم دستغیب کے انتقال کی خبر سن کر شدید دکھ ہوا مرحوم خود بھی شہید کے باپ تھے، شہید دستغیب کے محترم خاندانبالخصوص مرحوم کی ہمسر اور فرزندوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔ شیراز میں ان کی علمی و انقلابی خدمات خداوند متعال کے نزدیک ان کے لئے معنوی ذخیرہ ہے، انشاء اللہ

مرحوم کے لئے اللہ تعالی کی بارگاہ سے رحمت و مغفرت اور بخشش طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

10 بہمن / 1390